SIZE: 47cm x 4 col

# نیشنل ریفائنری لمیٹڈ

## اطلاع برائے سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ نوٹس ہٰذا مطلع کیا جاتا ہے کہ نیشنل ریفائنری لمیٹڈ کا باسٹھواں (62 واں) سالانہ اجلاسِ عام بروز منگل، مورخہ 30 ستمبر 2025 کو دوپہر 02:00 بجے بمقام میریٹ ہوٹل، کراچی میں، اور الیکٹرانک ذرائع سے بھی، منعقد ہوگا جس میں درج ذیل امور کی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

### عمومی امورِ کار

1) مورخہ 30 جون، 2025 کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے بشمول ان پر بورڈ اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، ان پر غور اور منظوری۔

2) مورخہ 30 جون، 2026 کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے معاوضے کا تعین کرنا۔

### دیگر امورِ کار

3) اس طرح کے دیگر امور جنہیں چیئرمین کی اجازت سے اجلاس میں پیش کیا گیا ہو، انہیں انجام دینا۔

بحکم بورڈ

بدرالدین خان<br>
کمپنی سیکرٹری

کراچی :<br>
بتاریخ: 05 ستمبر 2025

کمپنی کے مالی گوشوارے، بذریعہ ویب لنک اور فعال QR کوڈ کے ذریعے حاصل کیے جا سکتے ہیں۔<br>
https://www.nrlpak.com/FinancialReports.aspx

نوٹ:

1) **شیئر ٹرانسفر بک کی بندش**

کمپنی کے ممبران کا رجسٹر 23 ستمبر 2025 سے 30 ستمبر 2025 تک (بشمول دونوں دن) بند رہے گا۔ شیئر کی منتقلی کے لئے کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے دفتر:

**میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ**<br>
سی ڈی سی ہاؤس، B-99 بلاک 'بی' ایس ایم سی ایچ ایس<br>
مین شاہراہ فیصل، کراچی- 74400<br>
ٹیلی فون (ٹول فری) 0800-23275<br>
ای میل : info@cdcsrsl.com

میں 22 ستمبر 2025 کو کاروبار کے اختتام تک موصول ہونے والے ٹرانسفر کی اہلیت کے تعین کے مقصد کے لئے، بروقت تصور کی جائیں گی۔

2) **سالانہ عام اجلاس میں شرکت**

الف) **الیکٹرانک ذرائع سے**

ذاتی طور پر موجودگی کے بجائے ویڈیو لنک، یعنی ZOOM ایپلیکیشن کے ذریعے میٹنگ میں شرکت کرنے میں دلچسپی رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ 29 ستمبر 2025 کو یا اس سے پہلے agm.2025@nrlpak.com پر درج ذیل تفصیلات فراہم کر کے کمپنی کے ساتھ رجسٹرڈ ہو جائیں۔

| شئیر ہولڈر / پراکسی ہولڈر کا مکمل نام | کمپنی | * شناختی کارڈ / پاسپورٹ نمبر | ** فولیو/ سی ڈی سی اکاونٹ نمبر | ** ای میل ایڈریس | ** موبائل فون نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| | نیشنل ریفائنری لمیٹڈ | | | | |

* شیئر ہولڈرز اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی کاپی بھی شیئر کریں گے۔<br>
** شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنا فعال ای میل ایڈریس اور موبائل فون نمبر فراہم کریں۔

ب) **ذاتی طور پر**

- ایک فرد کو اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کی تصدیق کروانی ہوگی۔
- کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں، میٹنگ کے وقت بورڈ آف ڈائریکٹرز کی ریزولیوشن/ پاور آف اٹارنی جس میں نامزد شخص کے دستخط کے نمونے ہوں گے (اگر پہلے فراہم نہ کی گئی ہو) پیش کرنا لازمی ہوگی۔

ج) **پراکسیوں کی تقرری کے لیے**

- ایک ممبر اپنے بجائے کسی دوسرے شخص کو شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے کے لیے اپنا پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔ پراکسی کا ممبر ہونا لازمی نہیں ہے۔
- پراکسی، موثر ہونے کے لیے، میٹنگ سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں تحریری طور پر دستخط شدہ، مصدقہ، مہر ثبت کر کے جمع کروانا ضروری ہے۔
- کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی نمونہ دستخط کے ساتھ کمپنی کو پراکسی فارم کے ساتھ جمع کروانا لازمی ہوگی۔
- پراکسی فارم سالانہ رپورٹ کے اختتام پر منسلک ہے اور ساتھ ہی کمپنی کی ویب سائٹ یعنی www.nrlpak.com پر بھی دستیاب ہے۔

3) **ویڈیو لنک کی سہولت**

میٹنگ کی تاریخ سے کم از کم سات دن پہلے، کسی شہر میں رہنے والے ممبران کے مطالبے پر جو کمپنی کے کل ادا شدہ سرمائے کا کم از کم دس فیصد کے حامل ہوں، اس شہر میں ایسے ممبران کو ویڈیو لنک کی سہولت فراہم کی جائے گی جس سے وہ ویڈیو لنک کی سہولت کے ذریعے سالانہ جنرل میٹنگ میں شرکت کر سکیں گے۔

4) **تحائف کی تقسیم کی ممانعت**

ایس ای سی پی کی ہدایت بذریعہ ایس آر او نمبر2025/ (I) 452 مورخہ 17 مارچ 2025، اور کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 185 میں درج ممانعت کے تحت، اس بات کی توثیق کی جاتی ہے کہ سالانہ جنرل میٹنگ میں کوئی تحائف تقسیم نہیں کیے جائیں گے۔

5) **لازمی رجسٹریشن کی تفصیلات**

وہ ممبران جن کے قانون کے تحت رجسٹریشن کی لازمی تفصیلات، بشمول معمول کا رہائشی پتہ، موبائل/لینڈ لائن نمبر، ای میل ایڈریس، کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر/پاسپورٹ نمبر، نیشنل ٹیکس نمبر (NTN)، بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات (IBAN) وغیرہ کمپنی کے ریکارڈ میں دستیاب نہیں ہیں، انہیں وقتاً فوقتاً مطلع کیا جاتا رہا ہے کہ وہ فراہم کریں۔

ایسے ممبران کو ایک بار پھر تجویز کیا جاتا ہے کہ وہ یہ تفصیلات فزیکل شیئر ہولڈنگ کی صورت میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار اور بک انٹری فارم میں شیئر ہولڈنگ کی صورت میں متعلقہ شراکت دار/سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروسز (آئی اے ایس) کو فوری طور پر فراہم کریں تاکہ مستقبل میں کسی بھی زحمت سے بچا جا سکے۔

6) **غیر دعوی شدہ حصص/ منافع منقسمہ**

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 244 کے مطابق، کمپنی نے غیردعویٰ شدہ یا غیر ادا شدہ حصص/ڈیویڈنڈ کے سلسلے میں، ایسے تمام حصص یافتگان کو وقتاً فوقتاً، ان کے آخری معلوم پتے پر جو کہ کمپنی کو دستیاب ہے، نوٹس ارسال کیے ہیں، جس کے بعد اخبارات میں اشتہارات بھی شائع کئے گئے ہیں، وہ اپنا دعویٰ درج کروائیں، غیر دعویٰ شدہ منافع اور حصص کے بارے میں شیئر ہولڈرز کی فہرستیں کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہیں۔ اس کے مطابق، اگر ایسے دعوے مقررہ مدت کے اندر درج نہیں کیے جاتے ہیں، تو کمپنی قانون کے تقاضوں کے مطابق کاروائی کو آگے بڑھائے گی۔

7) **آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے کی الیکٹرانک ٹرانسمیشن**

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 223(6) کی تعمیل میں، ایس ای سی پی کے ایس آر او 2023/ (1)389 مورخہ 21 مارچ 2023 کے مطابق اور 23 اکتوبر 2023 کو منعقدہ 60 ویں سالانہ اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز کی منظوری برائے فعال QR کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے اپنے راکین کو سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی ترسیل۔ لہٰذا، 30 جون 2025 کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں تک درج ذیل فعال QR کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے رسائی حاصل کی جا سکتی ہے۔

Weblink: https://www.nrlpak.com/FinancialReports.aspx

تاہم، کمپنی سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی ہارڈ کاپی شیئر ہولڈرز کو ان کے رجسٹرڈ پتے پر، سات دنوں کے اندر، درخواست پر، مفت فراہم کرے گی۔ درخواست فارم کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔

8) **سی ڈی سی اکاؤنٹ میں فزیکل شیئرز کا جمع کروانا**

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 72 کی روشنی میں، ایس ای سی پی نے تمام لسٹڈ کمپنیوں کو تجویز کیا ہے کہ وہ اپنے شیئر ہولڈرز کو ہدایات دیں، جن کے پاس ابھی بھی فزیکل شکل میں شیئرز ہیں، ان کو بک انٹری فارم میں تبدیل کروائیں۔ بک انٹری فارم میں شیئرز رکھنے کے بے شمار فوائد ہیں جن میں شیئرز کی محفوظ تحویل، ملکیت کی فوری منتقلی اور سرٹیفکیٹ کے نقصان، گم ہونے، جعلی یا ڈپلیکیٹ ہونے کا کوئی خطرہ نہیں۔ اس کے مطابق، فزیکل شیئر ہولڈنگ رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے شیئرز کو کسی بھی بروکر، یا سی ڈی سی ذیلی اکاؤنٹ کھول کر یا سی ڈی سی کے ساتھ براہ راست انویسٹر اکاؤنٹ کھول کر اپنے فزیکل شیئر اسکرپ لیس فارم میں تبدیل کریں۔

9) **مختلف فولیوز کو ایک فولیو میں ضم کرنا**

ریکارڈ کے مطابق، کچھ شیئر ہولڈرز ایک ہی تفصیلات کے تحت ایک سے زیادہ فولیو برقرار رکھے ہوئے ہیں۔ دو مختلف فولیو رکھنے پر شیئر ہولڈرز کے لیے منافع/بونس کی شکل میں مختلف فوائد حاصل کرنے میں پریشانی کا باعث ہو سکتا ہے۔ بہتر خدمات اور سہولت فراہم کرنے کے لیے، ایسے شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے فولیوز کو ایک فولیو میں ضم کرنے کے لیے کمپنی کے شیئر رجسٹرار اور ٹرانسفر ایجنٹ کو درخواستیں بھیجیں۔

10) **اجلاس میں قانونی ضابطہ اخلاق**

شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کے لئے کمپنیز ریگولیشنز، 2024 کے ضابطہ 55 کے ذیلی ضابطہ 2 میں مذکور طرزِ عمل کو ملحوظ خاطر رکھیں۔